جاتا ہے' جس کی افادیت کونین کے تاجدار کی اس پر ہدایت کلام سے رونما ہوتی ہے کہ اگر کوئی شخص آتا ہے اور کہتا ہے کہ اے اللہ کے رسول میں شادی کرنا چاہتا ہوں' میرے پاس حق مہر نہیں ہے' تو ہادی کائنات فرماتے ہیں کہ اپنی ہونے والی بیوی کو قرآن کی دس سورتیں سکھلا دو تیری یہی تعلیم حق مہر بن جائے گی۔

قارئین کرام! اب بھی اگر یہ کہا جائے کہ دینی مدارس کا نظامِ تعلیم ناقص ہے' تو کتنی بد قسمتی کی بات ہے۔ اس لئے یہ بات بھی ذکر کئے بغیر میں نہیں رہ سکتا کہ ہر قوم میں کچھ کوتاہیاں ہوتی ہیں' لیکن کیا ان کوتاہیوں کا حل یہ ہے کہ اس قوم کو اور اس قوم کے نظریے کو چھوڑ دیا جائے؟ یقیناً یہ نہیں' بلکہ اگر دینی مدارس کے نصاب میں کچھ کوتاہیاں ہیں' تو ان کا تدارک کیا جائے' کیونکہ یہ بات کسی مسلمان کی لسان سے زیب نہیں دیتی کہ اس کی زبان سے ایسے نصاب کے بارے میں الفاظ صادر ہوں کہ نصاب آج سے چودہ سو سال قبل امت کے مخلص اور مشفق نبی علیہ السلام نے متعین کیا تھا۔ پھر اس نصاب کا اظہار صفہ جیسے چبوترے پر ہوا اور کہیں دار ارقم میں ہوا اور جو بات نبی کریم ﷺ کی زبان سے صادر ہوئی وہ تو حق اور سچ ہے' کیونکہ زمین و آسمان کے مالک نے اس نبی کی گواہی ان الفاظ میں دی:

﴿وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی﴾

نتیجہ یہ منکشف ہوتا ہے' کہ دینی مدارس کا نظامِ تعلیم ناقص نہیں ہے بلکہ کامل نظام تعلیم ہے۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت ہمیں قرآن وسنت پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے (آمین)

نامور عالم دین مولانا خالد گرجاکھی رحمۃ اللہ علیہ جوارِ رحمت میں

دینی حلقوں میں مولانا خالد گرجاکھی رحمۃ اللہ علیہ کے سانحہ ارتحال کی خبر انتہائی اندوہ وغم کے ساتھ پڑھی اور سنی گئی کہ مولانا نے مورخہ 8 اپریل بروز جمعۃ المبارک وفات پائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اور سچ ہے کہ ''موت العالم موت العالم'' اور غربت اسلام کے اس پرفتن دور میں ایسے عالم ربانی اور مسلک حق کی خدمت کا بے پناہ جذبہ رکھنے والے داعی اور مبلغ کا جہاں سے رخصت ہو جانا اسلام اور اہلِ اسلام کیلئے کسی بڑے حادثے سے کم نہیں۔ مرحوم جماعت اہلحدیث کے نامور مبلغ اور مناظر حضرت مولانا نور حسین گرجاکھی رحمہ اللہ کے فرزند ارجمند ہیں۔ جنہوں نے وعظ وارشاد اور تصنیف وتالیف اور کتب اسلاف کی طباعت کے سلسلے میں مقدور بھر سعی وکوشش فرمائی۔ اللہ تعالیٰ یہ تمام جہود ان کیلئے صدقہ جاریہ بنائے۔

کویت میں موجود جماعتِ اہلحدیث کے تمام احباب مولانا کے لواحقین اور احباب جماعت کے شریک غم ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس نصیب کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطاء کرے۔ آمین۔ (شریک غم عارف جاوید محمدی.....کویت)

انتظامیہ' اساتذہ وطلبہ جامعہ سلفیہ خصوصاً شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی' حافظ مسعود عالم' مولانا محمد یونس' پروفیسر محمد یٰسین ظفر اور مفتی عبدالحنان زاہد نے مولانا کی وفات کو جماعت کیلئے ایک عظیم سانحہ قرار دیتے ہوئے مولانا کے پسماندگان اور پوری جماعت سے اظہار تعزیت کیا' اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کی حسنات کو قبول فرماتے ہوئے ان کیلئے صدقہ جاریہ بنائے اور ان کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں صالحین کی رفاقت نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین (ادارہ ترجمان الحدیث)

سائن بورڈ، کلاتھ بینر، سکرین پرنٹرز اور اشتہارات کی کتابت کیلئے
حافظ پبلشی
پینٹرز
کاتب
04931-54639 ریلوے روڈ شیخوپورہ
0300-4970524
حافظ شبیر احمد سجاد، رانا عبدالستار

اصل کرنڈی، لٹھا سفید، لٹھا رنگدار پختہ کلر،
کاٹن سفید ورنگدار پختہ کلر
فیصل یعقوب کلاتھ مرچنٹ
ہر قسم کی مردانہ ورائٹی کا مرکز
041-633809
Mob# 0300-9653599
پنجاب بلاک مدینہ بازار P-162 ملکی کلاتھ مارکیٹ فیصل آباد